سوال

بیوی پر شوہر کے رشتہ داروں کی خدمت

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا بیوی کےلیے ضروری ہے کہ وہ سسرال والوں کی خدمت کرے۔ کیا وہ صرف اپنے شوہر کی خدمت کرے گی۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شرعی اعتبار سے شوہر کے رشتہ داروں کی خدمت کرنا بیوی پر لازم نہیں ہے۔ شریعت نے صرف خاوند کی خدمت کا حکم دیا ہے، اور ایسی کوئی نص موجود نہیں ہے، جس میں شوہر کے رشتہ داروں کی خدمت کا تذکرہ ہو۔ ہاں البتہ شوہر کی رضا کے لئے اس کے رشتہ داروں سے حسن سلوک اور اچھے طریقے سے پیش آنا چاہیئے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی